معز امجد

# نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک بد دعا کے بارے میں روایت

www.javedahmadghamidi.com
www.ghamidi.net

## روایت کا مضمون

روی أنه رجل قتل فقيل للنبی صلی اللّٰه عليه وسلم، فقال: أبعده اللّٰه، إنه كان يبغض قريشا.

''روایت ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک ایسے آدمی کے بارے میں بتایا گیا جسے قتل کر دیا گیا تھا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ اسے ہلاک کرے وہ قریش کے خلاف عداوت رکھتا تھا۔''

## روایت پر تبصرہ

یہ روایت ابن ابی شیبہ، رقم ۳۲۳۹۹ ہے۔ اس روایت کو عبدالرزاق، رقم ۱۹۹۰۴ میں بھی نقل کیا گیا ہے جسے محمد بن مسلم بن شہاب نے براہ راست نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کیا ہے۔ ابن ابی شیبہ کی روایت بھی محمد بن مسلم بن شہاب ہی سے منقول ہے، تاہم اسے براہ راست نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت نہیں کیا گیا، بلکہ اسے سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کے ذریعے سے نقل کیا گیا ہے۔ محمد بن مسلم بن شہاب کے بارے میں یہ معلوم ہے کہ اس کی ملاقات نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے نہیں ہوئی اور نہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے اس کی ملاقات ثابت ہے، اس لیے اس روایت کی سند منقطع ہے۔

## نتیجۂ بحث

یہ روایت چونکہ ایک ہی سند سے نقل ہوئی ہے جو منقطع ہے، اس لیے احتیاط کا تقاضا یہی ہے کہ اسے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب کرنے کے معاملے میں توقف کیا جائے۔

تخریج: محمد اسلم نجمی

کوکب شہزاد

ترجمہ وترتیب: اظہار احمد

---

www.javedahmadghamidi.com
www.ghamidi.net